Music By Shanker Jaikishan.

روپ کمل چترا کا پیش کردہ

بے گناہ

116

बेगुनाह

شکیلہ۔ مبارک۔ کشور وغیرہ سیلدواز

رادھا کشن۔ جے کشن۔ قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

سٹوری قسمت کے کھیل بھی نرالے ہوتے ہیں۔ یہاں تک کہ ایک مجبور انسان بھی اس کے چکر میں آ کے طرح طرح کی مصیبتوں کا شکار ہو جاتا ہے۔ یہی خلاصہ ہے بے گناہ کی کہانی کا۔

بے گناہ کے گانے

گانا نمبر ۱

کشور کمار

آج نہ جانے پاگل منوا کاہے کو گھبرائے
ہچ ہچ ہچکی آئے رے طبیعت پھیکی پھیکی جائے
جب دیکھوں البیلا آنچل نیل پر بجلی ٹوٹے
روپ نشیلا ایک جھلک میں دل کی دنیا لوٹے
کوئی شرابی مدھ کا پیالہ جیسے پی کر آئے
ہچ ہچ ہچکی آئے ....

ہوش ہمارے بچھی نکر ہو گئے نو دو گیارہ
کس مشکل میں جان پھنسی ہے اپنے بج گئے بارہ
روپ کی گرمی شعلہ بن کر دل میں آگ لگائے
ہچ ہچ ہچکی آئے ...

گانا نمبر ۲

نظر کہے آ جا جگر میں سما جا
میں کہوں شرما کے ۔ تو جا ۔ جا ۔ جا
پرائے کھڑے ہیں ۔ وہ ضد پہ اڑے ہیں
کہوں تو کہوں کیسے ۔ تو آ ۔ آ ۔ آ

نظر کہیے آجا....
جھوم کے رات کہیے پیار کی کہانیاں
کون سے چاند تلے جاگیں یہ جوانیاں
ایسے میں پوچھو نہ میری پریشانیاں
نظر کہیے آجا....
اڑتی نظر سے دیکھوں دلدار کو
رہ جاؤں تھام کے دل بیقرار کو
کیسے مناؤں رنگیلے پردیدار کو
نظر کہیے آجا....
یوں نہ ملے تو سپنے میں آؤں گی
تیری یہ راگنی تجھ کو سناؤں گی
اے دل کے چور میں بھی تیرا دل چراؤں گی
نظر کہیے آجا....

گانا نمبر ۳ ——— لتا اور مناڈے

دن البیلے پیار کا موسم چنچل من میں طوفان
ایسے میں کرو پیار ہو - ایسے میں کرو پیار
نیل گگن کے کالے بادل کر دیں گے بدنام
ہم کیسے کریں پیار - ہم کیسے کریں پیار
یہ گگن کے تلے دو ستارے ہل مل چلے
تیرے پیار کا دیا میرے دل میں ہر دم جلے
یہ جھومتی راہیں - گھومتی دھرتی - بدلے رنگ ہزار

میں کیسے کروں پیار....

یہ ملن مدھ بھرا۔ یہ نظارے جھل مل کریں
میرے دل میں پیار یہ بہاریں رنگت بھریں
جب ہمیں چرا کے دیکھیں تمہاری دھڑکے جیا ہر بار
میں کیسے کروں پیار......

دن اکیلے....

گانا نمبر ۵

آج رات بیتی جائے۔ شمع تڑپ کر بجھ نہ جائے
چندرا غم سے ڈوب نہ جائے
ہے تجھ کو اگر۔ دنیا کا ڈر۔ چھپ جا میری آنکھوں میں
آج رات بیتی جائے....
۔۔ بنے چکی۔ بمبالے لے۔ بمبالے لے۔ بمبالے لے
شو شو بمبالے لے۔ شو شو بمبا
میں دور کا راہی گھر دور ہے میرا
پل بھر کو کیا تھا تیرے دل میں بسیرا
آج رات بیتی جائے....
مجبور ہے محبت تیرے پیار کے مارے
کب تک جئیں گے تیرے غم کے سہارے
آج رات بیتی جائے....
ہم بھی تو ہیں تیرے۔ کر یقین میرا
دل دیا ہے تجھ کو۔ دل رہے گا تیرا
آج رات بیتی جائے....

گانا نمبر ۵

بابانوں.... بابانوں - ہو بابانوں
بابانوں - ہو بابانوں ہو.... بابانوں
گوری گوری گوری - میں پریوں کی چھوری
چھم چھم چھم چھم چھم چھم چھم کرتی
آئی ہوں میں سات آسمانوں سے
ہو آئی ہوں میں سات آسمانوں سے
سورج سے لائی ہیں دل کی اگن
چندا سے لائی ہیں گورا بدن
بجلی سے دیکھو تڑپ لائی ہیں
یہ کاکل گھٹاؤں سے لے آئی ہیں
ہائے کس پہ ڈالوں یہ پیار کی ڈوری
گوری گوری گوری....
گالوں پہ مستی بھرا ہے جو تل
یہ ہے کسی مست بھونرے کا دل
دنیا کا غم دھونے آئی ہوں میں
یہ دل دیکے دل لینے آئی ہوں میں
دیدے دل ورنہ ہو جائے گی چوری
گوری گوری گوری....

مکیش

گانا نمبر ۶

اے پیا سے دل بے زباں - تجھ کو لے جاؤں کہاں

آگ کو آگ میں ڈھال کے، کب تک جی بہلائے گا
اے پیاسے دِل...
گھٹا جھکی اور ہوا چلی تو ہم نے کسی کو یاد کیا
چاہت کے ویرانے کو اُن کے غم سے آباد کیا
اے پیاسے دِل بے زباں، موسم کی یہ مستیاں
آگ کو آگ میں ڈھال کے کب تک جی بہلائے گا
اے پیاسے دِل....
تارے نہیں انگارے ہیں وہ اب چاند بھی جیسے جلتا ہے
نیند کہاں سینے پہ کوئی بھاری قدموں سے چلتا ہے
اے پیاسے دِل بے زباں۔ درد ہے تیری داستاں
آگ کو آگ میں ڈھال کے کب تک جی بہلائے گا
اے پیاسے دِل...
کہاں وہ دِن اب کہاں وہ راتیں
تم روٹھے قسمت روٹھی
غم سے بھید چھپانے کو ہم ہنستے پھرے ہنسی جھوٹی
اے پیاسے دِل بے زباں، لُٹ کے رہا تیرا جہاں
آگ کو آگ میں ڈھال کے کب تک جی بہلائے گا
اے پیاسے دِل...

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر۔۔ اپنے آپکو ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائیڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کیے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات۔ نیز پرائیوٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔ قیمت صرف 2 1-1- محصول ڈاک معاف

ٹیلر ماسٹر

ٹیلرنگ کا کام سکھانے والی سب سے بہتر اور نئی کتاب۔ جو سالہا سال کی محنت اور تجربہ کے بعد تیار کی گئی ہے۔ جدید فیشن ایبل کپڑوں مثلاً بش شرٹ۔ نیکر کوٹ وغیرہ کاٹنے کا طریقہ بھی آپکو صرف اس کتاب کے اندر ہی ملیگا

قیمت صرف 3 1-1- محصولڈاک معاف

نیو فیشن بک

زنانے مردانے تقریباً ۲۰۰ ڈیزائن جو بلاک سے آرٹ پیپر پر چھپوائے گئے ہیں۔ جسے دیکھکر گاہک من مانا کپڑا سلوا سکتا ہے۔ ہر دوکاندار کے پاس اسکا ہونا ضروری ہے۔

قیمت صرف 2 /4 1- محصولڈاک معاف

ٹرنر اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

عشرت شباب

یہ لاجواب کتاب جسے دہلی کے مشہور حکیم اجمل خاں صاحب کے والد بزرگوار حکیم محمود خاں صاحب نے نوجوانوں پر رحم فرما کر تصنیف کی ہے جس نے اس کتاب کا ایک صفحہ بھی بغور پڑھا۔ دل وجان سے اسکا والہ و شیدا ہوگیا۔ اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنی تمام عمر کا تجربہ بغیر کسی بخل کے درج کر دیا ہے۔ نوجوانوں کیلیے مستورات کے بارے میں وہ وہ معلومات ہدایات درج فرمائی ہیں جنہیں یہاں لکھنے کی قانون اجازت نہیں دیتا۔

قیمت صرف ۱-۱۰ علاوہ محصولڈاک معاف

فلمی پرستان

یہ وہ لاجواب فلمی کتاب ہے جو زر کثیر خرچ کرکے تیار کرائی ہے۔ اسمیں ایک سو فلموں کے پورے گانے درج کیے گئے ہیں۔ فلمی گانوں کے شوقین اصحاب کیلیے بہترین تحفہ ہے۔ اب آپکو کسی گانے کی تلاش میں دردر بھٹکنا نہیں پڑیگا۔

قیمت صرف ۱-۱-3 محصولڈاک معاف

جواہرات کا ڈھیر

جسمیں اچار۔ چٹنی۔ مربے۔ شربت۔ عرق۔ کشتہ۔ چورن۔ معجون۔ خمیرہ۔ پیٹنٹ ادویہ کے نسخے اور مٹھائیاں بنانیکے گر۔ ہزارہا روپے کے قیمتی نادر نسخے کوڑیوں سے اشرفیاں پیدا کرنیکے راز تحریر کر دیے گئے ہیں۔

قیمت صرف ۱/۸/۱ محصولڈاک معاف

زنون اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

الہ آباد پریس دہلی